سوال

(140) وہ عورت جسے سیال مادہ آتا ہے جب وہ وضو کرلے اور وضو کے بعد اور نماز سے پہلے پھر مادہ نکلے تو کیا کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسی عورت جس کو وقفے وقفے سے سیال مادہ آتا ہو وہ وضو کرلے ۔ پھر وضو بعد نماز سے پہلے اس کو دوبارہ مادہ آجائے تو وہ کیا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب مادہ رک رک کر آتا ہو تو عورت کو اس کے منقطع ہونے کا انتظار کرنا چاہیے لیکن اگر اس کی کوئی واضح صورت حال نہ ہو۔ کبھی آتا ہے اور کبھی نہیں تو وہ نماز کا وقت ہوجانے کے بعد وضو کرے اور نماز ادا کرے پھر اگر دوران نماز بھی اس کو مادہ خارج ہوتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 158

محدث فتویٰ